© rasailojaraid.com



# نذر عقیدت

## قطعہ تاریخ

بخدمت گرامی حضرت مولانا خان محمد صاحب دامت برکاتہم
سجادہ نشین خانقاہ سراجیہ کندیاں

ہیں جو پیران پیر اور کامل ولی
کاملوں سے جسے جانشینی ملی
ہیں جو شیخ المشائخ بحمد خدا
نظر لطف و کرم جس کی سب پر رہی
نقشبندی طریقہ کے ہیں رہنما
ہے عطا جس نے کی دولت عرفان کی
بس مجدد سراجی مقامات بھی
سب مریدوں کو سمجھا دیئے ہیں سبھی
ہو عطا اس کو عمر خضر یا خدا
دل سے اپنی دعا ہے یہ نیم شبی
کچھ عجب رنگ ہوتا ہے رمضان میں
ہیں فیوضات ملتے وہاں پر سبھی
شکر حق ہے کہ خدمت میں جو آگیا
پارسا بن گیا پھر وہی آدمی
فیض لا انتہا آ کے وہ پا گیا
آیا دربار میں شخص جو بھی کوئی
جو خلوص و عقیدت سے گر آگیا
کیوں نہ جائے سنور اس کی پھر زندگی
جلوہ افروز صابر ہیں شکر خدا
اللہ اللہ "خان محمد سخی"

مولانا عبدالکریم صابر

.................................

۱۴۱۳ھ

© rasailojaraid.com